فضائل رمضان المبارک احادیث کی روشنی میں

حدیث نمبر (1) بخاری شریف حدیث نمبر ا 1898 آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک فرمان ہے کہ رمضان المبارک میں جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں حدیث نمبر (2) بخاری شریف حدیث نمبر 1899 آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک فرمان ہے کہ رمضان المبارک میں آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیاطین جکڑ دیے جاتے ہیں حدیث نمبر (3) بخاری شریف حدیث نمبر 1782 آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک فرمان ہے رمضان المبارک کا عمرہ حج کے برابر ہے حدیث نمبر (4) بخاری شریف حدیث نمبر 1863 آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک فرمان ہے رمضان المبارک میں عمرہ کرنا میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے حدیث نمبر (5) ترمذی شریف حدیث نمبر 682 آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے جب رمضان المبارک اتا ہے تو شیاطین اور سرکش جن جکڑ دیے جاتے ہیں اور جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں پھر ان کو بند نہیں کیا جاتا اور جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں پھر ان کو نہیں کھولا جاتا حدیث نمبر (6) مجمع الزوائد حدیث نمبر 306 آپ صلی اللہ علیہ وسلم رجب المرجب مہینہ میں یہ دعا مانگتے ہیں یا اللہ ہمارے رجب میں برکت نصیب فرما اور ہمارے شعبان میں برکت نصیب فرما اور ہمیں رمضان المبارک کی مقدس گھڑیوں تک پہنچنے کی توفیق نصیب فرما حدیث نمبر (7) مجمع الزوائد میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک فرمان کہ رمضان المبارک کا مہینہ سال کے تمام مہینوں سے افضل ہے نمبر (8) مجمع الزوائد حدیث نمبر 4778 حدیث پاک کا مفہوم ہے رمضان المبارک میں اللہ جل شانہ نے میری امت کو پانچ خصوصیات سے نوازا ہے نمبر 1 روزہ دار کے منہ کی بو اللہ جل شانہ کے نزدیک مشک سے زیادہ پسندیدہ ہے نمبر 2 مچھلیاں روزہ دار کے لیے دعائے مغفرت کرتی ہیں نمبر 3 جنت آراستہ کی جاتی ہے نمبر 4 شیاطین کو قید کر دیا جاتا ہے نمبر 5 رمضان کے آخری دنوں میں لوگوں کی مغفرت کر دی جاتی ہے نمبر (9) مجموالزوائد حدیث نمبر 7881 حدیث پاک کا مفہوم ہے اگر میری امت کو پتہ چل جائے کہ رمضان المبارک کیا ہے فرمایا میری امت تمنا کرے گی کہ 11 مہینے رمضان المبارک ہو اور ایک مہینہ غیر رمضان المبارک ہو نمبر (10) مجمع الزوائدحدیث نمبر 7883 حدیث پاک ہے جس کا مفہوم ہے فرمایا رمضان المبارک کا مہینہ برکت والا ہے (11) مجمعالزوائد حدیث نمبر 4891 حدیث پاک کا مفہوم ہے کہ رمضان المبارک میں شرابی کی بخشش نہیں ہوہوتی (12)الترغیب والترہیب امام منظری رحمہ اللہ حدیث پاک کا مفہوم ہے رمضان المبارک کے مہینوں میں نفل کا ثواب فرض کے برابر ہو جاتا ہے اور فرض کا ثواب 70 فرائض کے برابر ہو جاتا ہے (13) فرمایا رمضان المبارک کا مہینہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے (14)فرمایا رمضان المبارک کا مہینہ ہمدردی کا مہینہ ہے (15)فرمایا رمضان المبارک میں جو اپنے خادم کا بوجھ کم کرے اللہ جل شانہ قیامت کے دن اس کا بوجھ کم کریں گے(16) فرمایا رمضان المبارک کے مہینوں میں مؤمن کا رزق بڑھ جاتا ہے (17)فرمایا رمضان المبارک میں چار چیزوں کی کثرت کرو نمبر 1 کلمہ طیبہ نمبر 2 استغفار نمبر 3 جنت کی طلب نمبر 4 جہنم سے پناہ (18) ابن ابی الدنیا فضائل رمضان صفحہ 37 حدیث پاک کا مفہوم ہے رمضان المبارک کا پہلا عشرہ رحمت ہے اور دوسرا عشرہ مغفرت ہے اور تیسرا عشرہ جہنم سے آزادی ہے نمبر (19) کنز العمال حدیث نمبر21049 حدیث پاک کا مفہوم ہے جس کا رمضان المبارک درست ہے اس کا پورا سال درست ہے (20)حدیث پاک کا مفہوم ہے رمضان نہ کہو کیونکہ رمضان اللہ جل شانہ کا مبارک نام ہے ( جیسے قرآن پاک میں شہر رمضان ہے اسی طرح ماہ رمضان رمضان المبارک کہنا چاہیے) یہ روایت تفسیرابن کثیر سورۃ بقرہ میں اورھدیۃ السائل صفحہ 135پرموجود ہے21) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک فرمان ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ رمضان المبارک کی خاطر شعبان المعظم کے چاند کا اہتمام کیا کرو